ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
50
www.tanzeem.org
7تا13ربیع الاوّل1436ھ/30دسمبر 2014 تا5 جنوری 2015ء

اس شمارے میں

عالم اسلام کے خلاف سازشیں

عقیدۂ توحیداور فطرت انسانی

دل بیٹھ گیا ہے!

نبی اکرمﷺ بحیثیت قاضی ومنصف

اشاریہ مضامین 2014ء

Oh Allah,
Oh my Creator!

نبی اکرمﷺ کی حکمتِ تبلیغ

تبلیغ میں اِس امر کی بھی ضرورت ہوتی ہے کہ انسان مخاطب کی طرف سے کسی مزاحمت، رکاوٹ، تمسخر اور استہزا کی پروانہ کرے۔ چنانچہ جس قدر مزاحمتیں اور رکاوٹیں آپؐ کے راستے میں پیدا کی گئیں، آپؐ نے ان کی کوئی پروانہ کی بلکہ اپنے فریضۂ تبلیغ کی ادائیگی میں آپؐ کا انہماک شبانہ روز بڑھتا ہی چلا گیا۔ آپؐ نے علانیہ مجالس میں بھی تبلیغ کی اور انفرادی ملاقاتوں اور علیحدہ مجالس کے ذریعے بھی لوگوں تک اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچایا اور انہیں بندگی ٔرب اختیار کرنے کی دعوت دی۔ آپؐ نے نہ کبھی کسی کے منہ لگنے کی کوشش کی اور نہ ان کی بیہودگیوں کا کبھی کوئی نوٹس لیا۔ آپؐ ان کی بیہودگیوں کو ہمیشہ نظرانداز فرمایا کرتے اور ان کی بدتمیزیوں پر کبھی ناراضی، غصہ و پریشانی اور جھنجھلاہٹ کا اظہار نہ کرتے۔ آپؐ کا یہ شریفانہ طرزِ عمل اتنا عالی ظرفی پر مبنی ہوتا کہ کفار کے دلوں کی تہ میں حضورﷺ کی قدرومنزلت بڑھتی چلی گئی۔ قریش آپؐ کے استقلال، استقامت، اور اپنے مقصد پر اتنی مضبوطی سے قائم رہنے پر سخت حیرت زدہ تھے اور ان میں سعید فطرت انسانوں کے دلوں میں آپؐ کی صداقت کا اعتراف بڑھتا چلا گیا۔

رسول اکرمﷺ کی حکمتِ انقلاب
سیّد اسعد گیلانی

الھدیٰ (640)

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

تمام انسانیت کو ایک امت نہ بنانے میں حکمت

سُوْرَۃُ النَّحْل | بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ | آیت 93

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝۹۳

آیت ۹۳ ﴿وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً﴾ ’’اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں ایک ہی اُمت بنا دیتا۔‘‘

اللہ تعالیٰ یہ بھی کر سکتا تھا کہ پوری انسانیت کو ایک ہی امت بنا دیتا تا کہ نسلوں اور قوموں کی یہ تفریق ہی نہ ہوتی اور نہ ایک امت کو معزول ہی کر کے دوسری امت کو نوازنے کی ضرورت پیش آتی۔ پھر جس اللہ نے بخت نصر کے ہاتھوں تمہاری بربادی کے بعد حضرت عزیر علیہ السلام کی دعوتِ توبہ کے ذریعے تمہاری نشاۃِ ثانیہ کی تھی، وہ یہ بھی کر سکتا تھا کہ ایک دفعہ پھر کسی اصلاحی تحریک کے ذریعے تمہیں اپنی ہدایت اور رحمت سے نواز دیتا۔ اس طرح آخری نبی بھی تم ہی میں آتے اور یہ قرآن بھی تم ہی کو ملتا۔ اگر اللہ کو منظور ہوتا تو یہ سب کچھ ممکن تھا۔

﴿وَّلٰـكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ﴾ ’’لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔‘‘

آیت کے اس حصے کا ایک ترجمہ یہ بھی ہے کہ ’’وہ گمراہ کرتا ہے اُسے جو (گمراہی) چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے اُسے جو (ہدایت) چاہتا ہے۔‘‘

﴿وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ۝۹۳﴾ ’’اور تم سے ضرور پوچھا جائے گا اُس بارے میں جو کچھ تم کرتے تھے۔‘‘

یعنی اِس وقت تم لوگ ایک بہت بڑے امتحان سے دوچار ہو۔ تمہارے پاس نبی آخر الزماں ﷺ کے بارے میں واضح نشانیوں کے ساتھ علم آچکا ہے اور تم اللہ کی کتاب کے وارث بھی ہو۔ اس کے باوجود اگر تم نے ہمارے نبی ﷺ کی تصدیق نہ کی اور آپؐ کو جھٹلانے پر تُلے رہے تو اس بارے میں تم سے ضرور جواب طلبی ہوگی۔

اب ذرا سورۃ البقرہ کی ان آیات کو ذہن میں تازہ کیجیے:

﴿يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ۝۴۰ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۠ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۡ وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ۝۴۱ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۝۴۲﴾

’’اے بنی اسرائیل! یاد کرو تم میری وہ نعمت جو میں نے تم پر انعام کی، اور پورا کرو میرا عہد، میں پورا کروں گا تمہارے (ساتھ کیے گئے) عہد کو اور مجھ ہی سے ڈرو۔ اور ایمان لاؤ اُس کتاب پر جو میں نے نازل کی ہے، جو تصدیق کرتے ہوئے آئی ہے اُس کتاب کی جو تمہارے پاس ہے، اور مت ہو جاؤ تم ہی سب سے پہلے اس کا کفر کرنے والے، اور مت بیچو میری آیات کو تھوڑی سی قیمت کے عوض اور میرا ہی تقویٰ اختیار کرو۔ اور نہ ملاؤ حق کو باطل کے ساتھ اور نہ چھپاؤ حق کو جانتے بوجھتے۔‘‘

ان آیات کو پڑھ کر یہی محسوس ہوتا ہے کہ یہاں سورۃ النحل میں جو بات اَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ سے شروع ہوئی ہے یہ گویا تمہید ہے اُس مضمون کی جو سورۃ البقرۃ کی مندرجہ بالا آیات کی شکل میں مدینہ جا کر نازل ہونے والا تھا۔

فرمان نبویؐ

دنیا قید خانہ ہے

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ((اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ))

(رواہ مسلم)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’دنیا مؤمن کے لیے قید خانہ ہے اور کافر کے لیے بہشت۔‘‘

تشریح: ایمان لانے سے لازم آتا ہے کہ انسان اپنی پوری زندگی میں ان تمام پابندیوں کو اپنے اوپر لازم کر لے جو اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر عائد کی ہیں۔ حرام خوری، ظلم، رشوت، بد دیانتی، بدکاری، بے حیائی، جھوٹ، دھوکا بازی، ایذا رسانی، لوٹ کھسوٹ، قتل و غارت گری اور ڈاکا زنی سے پرہیز کرے۔ مؤمن دنیا میں بے لگام زندگی بسر نہیں کرتا۔ ہر کام کرنے سے پہلے اسے سوچنا پڑتا ہے کہ اس سے اس کا آقا تو ناراض نہ ہو گا؟ اس کے برعکس کافر کا ذہن اور کردار ان تمام پابندیوں سے آزاد ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ حرام و حلال اور جائز و ناجائز کی تمیز کیے بغیر لذاتِ نفسانی کا سامان اور اپنی بے لگام خواہشات کی تکمیل کرتا چلا جاتا ہے۔ اسی کو ’جنت‘ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ہفت روزہ
لاہور
ندائے خلافت

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان نظامِ خلافت کا نقیب

بانی: اقتدار احمد مرحوم

7تا13ربیع الاوّل1436ھ جلد 23
30دسمبر2014تا5جنوری2015ء شمارہ 50

مدیر مسئول حافظ عاکف سعید
مدیر ایوب بیگ مرزا
نائب مدیر محبوب الحق عاجز

نگرانِ طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:

67-اے علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور-54000
فون: 36316638-36366638-36293939
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت:36-کے ماڈل ٹاؤن لاہور-54700
فون:35869501-03 فیکس:35834000
publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 12 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک......450روپے
بیرون پاکستان

انڈیا---------------(2000 روپے)
یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ
مرزا ایوب بیگ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عالم اسلام کے خلاف سازشوں کی ایک جھلک

عالم اسلام کے خلاف سازشیں دورِ نبوت میں ہی شروع ہوگئی تھیں۔ یہاں تک کہ (معاذ اللہ) آپ ؐ کو قتل کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ یہ سلسلہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے دور میں بھی جاری رہا اور حضرت عمر ؓ کے دور میں بھی، جنہوں نے اسلام کی فتوحات کا دائرہ بہت وسیع کر دیا تھا اور اسلامی سلطنت کی حدود میں لاکھوں مربع میل تک توسیع کر دی تھی۔ آپ ؓ نے اس وقت کی دو سپر قوتوں ایران اور سلطنت روما کو تہس نہس کر دیا تھا، مگر پھر حضرت عمر ؓ کو ایک ایرانی مجوسی ابولولو فیروز نے ایک سازش کے تحت شہید کر دیا۔ حضرت عثمان ؓ کے دور میں بھی پہلے دس سال میں اسلامی فتوحات کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ اس وقت اسلامی سلطنت اتنی مضبوط اور مستحکم ہو چکی تھی کہ اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کو میدان جنگ میں شکست دینے کے حوالے سے مکمل طور پر مایوس ہو چکی تھیں۔ لہٰذا عسکری جدوجہد کو ترک کر کے مسلمان دشمن قوتوں خصوصاً یہودیوں نے اپنی تمام تر توجہ مسلمانوں کے خلاف سازشوں پر مرکوز کر دی، اور مسلمانوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنے کے لیے مختلف حربے استعمال کرنے شروع کر دیئے۔ عبداللہ بن سبا نے جو ایک یہودی تھا، اسلام کا لبادہ اوڑھا اور خلیفۂ وقت حضرت عثمان غنی ؓ کے خلاف جھوٹا اور گمراہ کن پروپیگنڈہ شروع کر دیا۔ اس نے ایک مہم کے طور پر بہت سے اسلامی علاقوں کا دورہ کیا اور حضرت عثمان ؓ کی حکومت کے خلاف بے بنیاد اور گمراہ کن باتیں پھیلائیں۔ اور وہ مسلمانوں کے ایک خاص طبقے کو حضرت عثمان ؓ کے خلاف گمراہ کرنے میں کامیاب ہو گیا اور آپ ؓ کو خود مسلمانوں نے ہی شہید کر دیا۔ یہ مسلمانوں کے خلاف ایک ایسی کامیاب سازش تھی جس نے تاریخ کا رخ موڑ دیا۔ حضرت عثمان ؓ نے شہید ہونے سے پہلے اپنے قاتلوں کو مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ اگر تم نے مجھے قتل کر دیا تو پھر مسلمان کبھی متحد نہیں ہو سکیں گے۔ آپ ؓ کی یہ پیش گوئی صد فیصد درست ثابت ہوئی، اور مسلمان آج تک متحد نہیں ہو سکے۔

طارق بن زیاد نے سپین کو فتح کیا اور ایک طویل عرصہ تک مسلمانوں کی وہاں حکومت قائم رہی۔ مسلمانوں نے وہاں عظیم کتب خانے قائم کیے۔ لیکن بعد ازاں اسی علمی ورثہ کو یہودیوں نے بہت سی ترامیم کے ساتھ یورپ منتقل کیا اور آج کوئی بھی غیر جانبدار محقق اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ یورپ کی موجودہ ترقی میں اس علمی خزانے کا کلیدی حصہ ہے۔ آج مسلمانوں کا یہ علمی ترکہ مسلمانوں ہی کے خلاف استعمال ہو رہا ہے۔ مسلمانوں کی بعد کی تاریخ اگرچہ فتوحات اور کامیابیوں سے بھری پڑی ہے، لیکن بعد میں ہونے والی یہ فتوحات ہمیں اسلام کے لیے نہیں بلکہ اپنی مضبوط حکومتیں قائم کرنے کے لیے نظر آتی ہیں۔ الا ماشاء اللہ۔ اسی طرح ہندوستان میں مسلمانوں کے مختلف خاندانوں نے ایک طویل عرصہ تک حکومت کی۔ لیکن ایک سازش کے تحت ہندوستان سے بھی مسلمانوں کی حکومت ختم کر دی گئی۔ ایک انگریز ڈاکٹر نے شاہ جہان کی ملکہ کے علاج کے عوض انگریزوں کے لیے تجارتی مراعات حاصل کیں، اور ہندوستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم ہوگئی۔ جو تجارت سے زیادہ سیاسی اور عسکری اقدام کرتی ہوئی اتنی مضبوط ہوگئی کہ ہندوستان میں مسلمانوں کے اقتدار کو چیلنج کر دیا۔ میسور میں ٹیپو سلطان اور بنگال میں سراج الدولہ کو سازشوں کے ذریعے شکست دی گئی اور ایسٹ انڈیا کمپنی کا ہندوستان پر قبضہ قریب قریب مکمل ہو گیا اور 1857ء میں مسلمانوں کی جنگ آزادی کی کوشش ناکام ہوئی اور

ہندوستان براہ راست تختِ برطانیہ کے ماتحت ہوگیا۔ ہندوستان میں دو بڑی قومیں ہندو اور مسلمان آباد تھیں۔ انگریزوں کے قابض ہونے سے مسلمان اقتدار سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ جبکہ ہندو کے لیے سوائے اس کے کوئی فرق واقع نہ ہوا کہ پہلے وہ مسلمان کا غلام تھا، اب وہ انگریز کا غلام ہوگیا۔ انگریزوں کا ہندوستان پر مکمل اقتدار 1857ء سے 1947ء تک رہا۔ اس عرصے کے دوران ہندو اور انگریز دونوں نے مسلمانوں کو دبانے اور انہیں پسماندہ رکھنے میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی۔ 19ویں صدی سے 20ویں صدی کے وسط تک انگریز سلطنت اتنی وسیع ہو چکی تھی کہ اس کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ انگریز کی سلطنت میں سورج غروب نہیں ہوتا۔ 20ویں صدی میں دو بڑی جنگیں ہوئیں، جنہیں جنگ عظیم اول اور جنگ عظیم دوم کہا جاتا ہے۔ ان عظیم جنگوں میں اگرچہ دنوں متحارب قوتیں عیسائی تھیں، لیکن حیرت کا مقام یہ ہے کہ ان جنگوں کے نتیجہ میں عیسائی متحد ہوئے، اور مسلمانوں کا اتحاد یعنی نظام خلافت ختم ہوگیا اور 50 کے قریب مسلمانوں کی ریاستیں وجود میں آ گئیں۔ جنگ عظیم دوم کے آغاز ہی میں لیگ آف نیشنز اپنی طبعی موت مرگئی یا نئی اُبھرنے والی قوتوں نے اسے قتل کر دیا۔ اور یو این او یعنی اقوام متحدہ قائم کی گئی۔ جس کے چارٹر کا اگر مطالعہ کیا جائے تو یہ بات بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ وہ یورپ اور نئی سپر پاور یعنی امریکا کے مفادات کا تحفظ کرے گی۔ اقوام متحدہ کا ایک ذیلی ادارہ سلامتی کونسل بنایا گیا جس میں امریکا، سوویت یونین، برطانیہ، فرانس کو ویٹو کا حق دیا گیا۔ گویا ایک عالمی بادشاہت قائم کر دی گئی۔ کسی مسلمان ملک کی اقوام متحدہ میں کوئی حیثیت نہیں۔

جنگ عظیم دوم کے بعد امریکا اور سوویت یونین میں سرد جنگ شروع ہوگئی تھی۔ لیکن سوویت یونین کی شکست و ریخت کے بعد امریکا دنیا کی واحد سپر پاور یعنی سپریم پاور کی حیثیت اختیار کر گیا۔ سوویت یونین کے ٹکرے ٹکڑے ہونے کی اصل وجہ اس کی افغانستان میں عبرت ناک شکست تھی، جس میں امریکا اور پاکستان نے مل کر ایک اہم رول ادا کیا تھا۔ لیکن پاکستان اور عالم اسلام کے لیے امریکا کا سپریم قوت بن جانا انتہائی نقصان دہ ثابت ہوا۔ امریکا نے جو پاکستان اور دنیا بھر سے جہاد کے لیے آنے والے مسلمانوں کی وجہ سے سوویت یونین کو شکست دینے میں کامیاب ہوا تھا، احسان فراموشی کا بدترین مظاہرہ کرتے ہوئے انہی مجاہدوں اور پاکستان کو ٹارگٹ کرنا شروع کر دیا۔ سب سے پہلے نائن الیون کا ڈراما رچایا۔ حقیقت یہ ہے کہ نائن الیون عالم اسلام کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی بہت گہری اور بھیانک سازش تھی۔ امریکہ نے اس سانحہ کو آڑ بنا کر عالم اسلام کے خلاف مختلف علاقوں میں جنگ شروع کر دی۔ افغانستان کی اسلامی حکومت کو تہس نہس کیا۔ عراق میں صدام حسین کی حکومت کو ختم کیا اور لاکھوں مسلمانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ نائن الیون کے بعد عالم اسلام جس سب سے بڑے حادثہ اور صدمہ سے دوچار ہوا وہ یہ تھا کہ مسلمان حکمرانوں نے امریکا کی آغاز کردہ اس جنگ کی جسے وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قرار دیتا ہے پوری پوری حمایت کی اور اس کے اتحادی بن کر سامنے آئے۔

پاکستان اس جنگ سے سب سے زیادہ متاثر ہوا۔ اب تک دہشت گردی کے خلاف اس نام نہاد جنگ میں ساٹھ ہزار کے قریب مسلمان جان سے ہاتھ دھو چکے ہیں، اور یہ غریب ملک اربوں ڈالر کا نقصان کر چکا ہے۔ جس سے وہ دیوالیہ ہونے کے قریب ہے۔ جب نائن الیون کا سانحہ وقوع پذیر ہوا تو اس وقت پاکستان میں ایک فوجی ڈکٹیٹر پرویز مشرف قوم پر مسلط تھا۔ اس نے یہ موقع غنیمت جانا کہ اگر امریکا کا اس وقت ساتھ دیا جائے تو وہ (یعنی پرویز مشرف) پاکستان پر ایک طویل عرصہ تک حکمرانی کر سکتا ہے۔ اس ضمیر فروش شخص نے نہ صرف امریکا کا افغانستان کی اسلامی حکومت کی تباہی میں بھرپور ساتھ دیا بلکہ امریکہ کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں بھی کھلم کھلا مداخلت کرنے کی اجازت دے دی۔ پاکستان میں ڈرون حملے پرویز مشرف کی اجازت سے ہی شروع ہوئے تھے، جس کا حال ہی میں اس نے اعتراف بھی کیا ہے۔ پاکستان کے غیرت مند قبائلیوں پر ظلم کے پہاڑ توڑے گئے۔ ان پر میزائل حملے کیے گئے، بمباری کی گئی۔ یہاں ایک بار پھر اسلام دشمن قوتوں نے نئے کھیل کا آغاز کیا۔ وہ ایک طرف پرویز مشرف سے قبائلیوں کے خلاف کارروائی کرواتی تھیں اور دوسری طرف قبائلیوں کو فوج کے خلاف انتقامی کارروائی پر اُکساتی تھیں۔ جس کے نتیجے میں تحریک طالبان پاکستان وجود میں آئی۔ اور اس نے ان اسلام دشمن قوتوں کی شہ پر پاکستان کے خلاف کارروائیاں کیں، اور اسلام کا نام لے کر بعض ایسی حرکات کا ارتکاب کیا جس میں اسلام کے امیج کو بری طرح مسخ کیا گیا۔ خصوصاً پشاور میں عیسائیوں کے چرچ پر حملہ کر کے، عبادت کرتے ہوئے عیسائیوں کو مارنا اور آرمی کے سکول میں داخل ہو کر معصوم بچوں کو شہید کرنا جیسے انتہائی شرمناک افعال بھی شامل ہیں۔

ہم سکول کے بچوں کے قاتلوں کو عبرت ناک سزا دینے کے قائل ہیں لیکن ہم محسوس کر رہے ہیں کہ بعض اسلام دشمن قوتیں اس سانحہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے حکومت کو ایسی کارروائیاں کرنے کی راہ دکھا رہی ہیں جس سے جنگ کے شعلے مدھم پڑنے کی بجائے اور بھڑک اٹھیں۔ علاوہ ازیں وہ دینی مدارس اور محبِّ وطن مذہبی جماعتوں کو بھی اس آڑ میں ٹارگٹ کرنا چاہتے ہیں۔ ہم اپنی سیاسی اور عسکری قیادت سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ قتل و غارت میں مرتکب دہشت گردوں کو تو یقیناً قرار واقعی سزا دے لیکن صورت حال کو اس قدر نہ بگاڑ دیں کہ اصلاح کے سارے راستے بند ہو جائیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اسلام دشمن قوتیں اب حکومت کو بے جا تشدد کا مشورہ دے کر پاکستان میں خانہ جنگی کروانا چاہتی ہیں۔ پاکستان میں امن و امان بحال کرنے اور اسے مضبوط اور مستحکم ملک بنانے کے لیے پاکستان میں حقیقی اسلامی نظام نافذ کیا جائے، تاکہ ریاستی جبر و تشدد بھی ختم ہو اور جو لوگ مذہب کو آڑ بنا کر یہاں پر تشدد کارروائیاں کرتے ہیں، ان کا جواز بھی ختم ہو جائے۔

عقیدۂ توحید اور فطرتِ انسانی

سورۃ التغابن کی آیات 1 تا 6 کا مطالعہ

مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید حفظہ اللہ کے 19 دسمبر 2014ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص

خطبہ مسنونہ اور تلاوتِ آیات کے بعد!

حضرات! سورۃ التغابن ہمارے زیر مطالعہ ہے۔ پچھلے جمعہ اِس بارے میں تمہیدی گفتگو ہوئی تھی۔ آج میں نے اس سورت کی ابتدائی 6 آیات تلاوت کی ہیں۔ اِس سے پیچھے ہم نے سورۃ المنافقون پڑھی ہے۔ وہاں نفاق کا مضمون بیان ہوا ہے۔ یہاں اِس کے برعکس ایمان کی حقیقت کا تذکرہ ہے۔ یہ بات تو سب کو معلوم ہے کہ ایمان کچھ باتوں کو ماننے کا نام ہے۔ یہ وہ باتیں ہیں جن کا تعلق کائنات کے ابدی حقائق سے ہے۔ نبی کائنات کے انہی ابدی حقائق کی خبر دیتا ہے، انہی کی تفصیلات بیان کرتا ہے اور وہ سو فیصد حق ہوتی ہیں۔ ان ابدی حقائق تک ہماری عقل کی رسائی نہیں ہے۔ ہمارے حواس خمسہ کی رسائی تو اور بھی محدود ہے۔ وہ ان حقائق کا ادراک نہیں کر سکتے۔ کائنات کا آغاز کیا ہے؟ کیا یہ خود بخود بن گئی ہے یا کوئی اُس کا پیدا کرنے والا ہے؟ مظاہر فطرت کی اصل حقیقت کیا ہے؟ انسان کی حقیقت کیا ہے؟ اس کا مقام و مرتبہ کیا ہے؟ اس کی زندگی کا کوئی مقصد ہے یا یہ مقصدیت سے خالی ہے۔ پھر موت کے بعد بھی کوئی زندگی ہے یا نہیں ہے۔ انسان اشرف المخلوقات ہے اور اِسے زمین پر رہنے والے دوسرے حیوانات و نباتات پر برتری حاصل ہے۔ لیکن کیا انسان کی زندگی کی یہی حقیقت ہے کہ وہ 50، 60 سال جئے اور مر جائے؟ کیا یہی زندگی ہے؟ کیا انسان کی یہی معنویت ہے؟ یہ اور اِس طرح کے سینکڑوں سوالات انسان کے ذہن میں اُٹھتے ہیں۔ ان کا اصل اور شافی جواب نبی دیتا ہے۔ البتہ بعض اوقات نبی کے گمراہ پیروکار لوگوں کو الٹی سیدھی باتیں ماننے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ اسلام توحید کی تعلیمات لے کر آئے تھے مگر اُن کے بعد سینٹ پال نے حضرت مسیحؑ کے دین کا حلیہ بگاڑ دیا۔ دین توحید کو دین تثلیث میں بدل دیا۔ اُس نے کہا کہ خدا اصل میں ایک نہیں ہے، تین ہیں: اللہ، روح القدس اور مسیح۔ پھر کہا کہ ہاں توحید تین مل کر ایک ہوتے ہیں۔ گویا ایک میں تین ہیں یا تین میں ایک۔ انسان کی فطرت میں توحید ہے اور چونکہ یہ تثلیث انسانی فطرت کے مطابق نہیں تھی، لہٰذا اُسے لوگوں پر زبردستی ٹھونسا گیا، اور جبر کیا گیا۔ کہا گیا کہ اس کو مانو۔ اس کو dogma کہا

مرتب: محبوب الحق عاجز

گیا۔ یہ ایمان نہیں ہے۔ یہ ایسی چیز ہے جو زبردستی مسلط کی گئی ہے۔ اس کے لیے عقل اور فطرت میں کوئی بنیاد نہیں ہے۔ پس جب نبیوں کے دین کو مسخ کیا گیا تو ایمان نے پھر dogma کی شکل اختیار کی۔ اسی لئے آج کل یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایمانی حقائق dogma ہوتے ہیں، جن پر انسان غور پر آمادہ نہیں ہوتا۔ dogma نے مذہب کو زندگی سے کاٹ کر بالکل الگ کر دیا ہے۔ آج کی دجالی تہذیب اور اُس کا پھیلایا ہوا سارا فساد عیسائیوں کے اِسی تصور ابنیت مسیح اور عقیدۂ تثلیث کا نتیجہ ہے۔

اسلام انسان کو غور و فکر کی دعوت دیتا ہے۔ انسان جب سوچتا ہے تو وہ لازماً دو تین نتائج تک پہنچتا ہے۔ سوچ کا پہلا نتیجہ یہ یقین ہوتا ہے کہ پوری کائنات کا کوئی ایک ہی منتظم ہے۔ کائنات میں جس قدر بے مثال ہم آہنگی ہے، اُس کی بنا پر انسان جتنا غور کرے گا اتنا ہی اُس کا یہ یقین گہرا ہوگا۔ اِلّا یہ کہ وہ خود اپنے سوچنے کے عمل کے آگے ایک رکاوٹ کھڑی کر دے۔ جیسے اہل کلیسا نے تجربہ سے مغائرت اور نفرت پیدا کی، اور سائنس اور فلسفے پر پابندی لگائی تو عیسائیوں کے ہاں مذہب اور اللہ سے دوری پیدا ہو گئی۔ بہرحال جب انسان غور کرتا ہے تو اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ کائنات کے پیچھے ایک ہی ہستی، ایک ہی ذہن کارفرما ہے۔ ایک سے زیادہ ہستیوں کی کارفرمائی ہو بھی نہیں سکتی۔ قرآن کہتا ہے کہ اگر ایک سے زیادہ معبود ہوتے تو فساد برپا ہو جاتا۔ اس لئے کہ ہر الٰہ اپنی اپنی مخلوق کو لے کر دوسرے کے خلاف برسرپیکار ہو جاتا اور یوں اقتدار کی جنگ چھڑ جاتی۔ ساری کائنات اللہ وحدہٗ لاشریک کے حکم کے تابع اور اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اللہ کی مرضی کے بغیر ایک پتا تک نہیں ہل سکتا۔ ہاں اللہ نے انسان کو کچھ اختیار دیا ہے، جسے وہ اپنی غفلت، نا اہلی اور حماقت کے سبب غلط استعمال کرتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ انسان جتنا غور کرے گا رب کی قدرت، اس کی خلاقی، اس کی صناعی، اس کی صفات کاملہ، اُس کی تقدیس پر اُس کا یقیناً اتنا ہی بڑھے گا۔ سوچنے والا شخص (جس کی سوچ درست سمت میں ہوگی) لازماً اس نتیجے پر پہنچے گا کہ اس کائنات میں جو بھی حسن و خوبی

ہے، جو بھی رعنائی اور بھلائی ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کی عطا ہے۔ اُس کا سر چشمہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ یہ اللہ کی تسبیح ہے۔ اور تسبیح نصف دوسری ہے۔ یعنی یہ میزان معرفت کو آدھا بھر دیتی ہے۔ دوسری نصف میزان حمد ہے۔ یعنی یہ میزان معرفت کو بھر دیتی ہے۔ لائق حمد صرف وہی ذات ہے۔ شکر کے لائق وہی ہستی ہے۔ سورج کی تمازت سے اگر فصلیں پکتی ہیں تو شکریے کا مستحق سورج نہیں ہے، رب ذوالجلال ہے جس نے سورج کو اس کام میں لگا دیا ہے۔ انسان کا المیہ یہ ہے کہ وہ جب اللہ تک نہیں پہنچ پاتا تو سورج کو ہی دیوتا سمجھنا شروع کر دیتا ہے۔ اِسی طرح وہ ستاروں کو پوجنے لگتا ہے۔ دیگر مظاہر فطرت کی پرستش شروع کر دیتا ہے۔ حالانکہ توحید اُس کی فطرت میں موجود ہے۔ اُس کی سوچ غلط نہ ہو اور وہ صحیح طریقے پر غور کرے اور فطرت کے اشاروں کو ساتھ لے کر چلے تو لازماً توحید تک پہنچے گا اور اُسے اللہ کی معرفت حاصل ہو جائے گی۔ جب ایسے شخص کے سامنے نبی کی دعوت آتی ہے اور نبی یہ بتاتے ہیں کہ کائنات کا خالق و مالک اور الٰہ ایک اللہ ہے اور اس کی صفات یہ ہیں، پیغام یہ ہے، تو وہ لپک کر اس دعوت کو قبول کرتا ہے، کہ یہی تو حق ہے۔ یہ ہے اصل میں ایمان۔ اسی لیے حدیث میں آتا ہے کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔ پھر یہ اُس کے والدین ہیں جو اُسے یہودی، مجوسی یا نصرانی بنا دیتے ہیں۔ فطرت انسانی میں اللہ نے اپنی پہچان رکھ دی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق سے بہت پہلے ارواح انسانی سے یہ سوال کیا تھا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے کہا تھا کیوں نہیں (اللہ تو ہی ہمارا رب ہے)۔ چنانچہ ہر انسان اصلاً اللہ کو جانتا ہے۔ اُس کے دل میں کی محبت الٰہی کا ایک دیا روشن ہے۔ اقبال کہتے ہیں کہ ؎

ہے ذوق تجلی بھی اسی خاک میں پنہاں
غافل! تو نرا صاحبِ ادراک نہیں ہے!

فطرت صالحہ ہی کی بنا پر انسان میں نیکی اور خیر کا جذبہ پایا جاتا ہے۔ انسان میں اگر ایک طرف حیوانیت اور درندگی ہے، تو دوسری طرف خیر و بھلائی کا جذبہ بھی موجود ہے۔ انسان دونوں چیزوں کا ملغوبہ ہے۔ حیوان بھی ہے اور دوسری طرف فرشتوں سے اوپر بھی ہے۔ ایمان یہ ہے کہ آدمی فطرات میں موجود ان ابدی حقائق کو مانے، جن کی دعوت نبی دیتا ہے۔ اب آیئے، اِس سورت کا مطالعہ کریں۔ فرمایا:

﴿يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ﴾

''جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے (سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔''

زبان سے ہر شے پکار رہی ہے کہ میرا خالق، میرا صانع، میرا موجد ایک ذات کامل ہے، جو ہر عیب، ہر نقص اور ہر کوتاہی سے پاک ہے۔ یہ تسبیح حالی ہے کہ ہر شے اپنے حال سے اللہ کی وحدانیت اور پاکیزگی کی گواہی دے رہی ہے۔ ایک تسبیح قولی بھی ہے۔ قرآن مجید میں اللہ نے یہ بات واضح کی ہے کہ ﴿وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ﴾ (اسراء:44) ''اور (مخلوقات میں سے) کوئی چیز نہیں مگر اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتی ہے، لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔'' یعنی کائنات کی ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے کوئی نطق عطا کی ہے۔ اور کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اللہ کی تسبیح و تحمید میں مشغول نہ ہو۔ لیکن ہم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں پاتے۔ ہر چیز کا اپنا اپنا نطق ہے اور وہ اپنے اپنے انداز میں تسبیح میں مشغول رہتی ہے۔ انسان جسے کسی قدر اختیار دیا گیا ہے، اگرچہ بسا اوقات بگڑ کر فرعون بن جاتا ہے، تاہم اُس کا بھی پورا جسم اور جسم کا

پریس ریلیز 26 دسمبر 2014ء

دہشت گردی کے مرتکب مجرموں کو قرار واقعی سزا دیں، لیکن بے جا تشدد اور پکڑ دھکڑ سے گریز کیا جائے

فوجی عدالتیں اگر انصاف کے اسلامی تقاضوں کو ملحوظ رکھیں تو کسی کو ان کے کام کرنے پر اعتراض نہ ہوگا

پاکستان میں اسلام کا نظام عدل اجتماعی قائم ہو جائے تو نہ حکومت ظلم و ستم روا رکھ سکے گی اور نہ کوئی گروہ مذہب کے نام پر متشددانہ کارروائیاں کر سکے گا

حافظ عاکف سعید

دہشت گردی کے مرتکب مجرموں کو قرار واقعی سزا دیں، لیکن بے جا تشدد اور پکڑ دھکڑ سے گریز کیا جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ جہاں جرم ثابت ہونے پر مجرم کو سزا دینا عدل و انصاف کا تقاضا ہے وہاں کسی بے گناہ اور معصوم کا سزا پانا بھی حد درجہ ظلم اور ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیکولر عناصر صورت حال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے محب وطن مذہبی جماعتوں اور دینی مدارس کو ٹارگٹ کرنے کا اپنا ایجنڈا پورا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فوجی عدالتیں اگر انصاف کے اسلامی تقاضوں کو ملحوظ رکھیں اور جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں تو کسی کو ان کے کام کرنے پر اعتراض نہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کاش ہم اصل حل کی طرف آئیں اور پاکستان میں اسلام کا نظام عدل اجتماعی قائم کریں یعنی شریعت محمدیؐ کا مکمل نفاذ ہو جائے تو نہ حکومت ظلم و ستم روا رکھ سکے گی اور نہ کوئی گروہ مذہب کے نام پر متشددانہ کارروائیاں کر سکے گا۔ وگرنہ ہم کبھی ایک طرف کی انتہا پسندی کا شکار رہوں گے اور کبھی دوسری طرف کی انتہا پسندی ہم پر مسلط ہو جائے گی۔

(جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی)

ایک ایک خلیہ اللہ کے احکام کے تابع ہے۔

﴿لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ o﴾ (التغابن:1)

''اسی کی سچی بادشاہی ہے اور اسی کی تعریف (لامتناہی) ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

کائنات پر حکومت و اختیار اُسی کا ہے۔ یہ کائنات اس کی مخلوق ہے۔ وہ اس کا خالق و مالک ہے۔ لہٰذا اسی کا حق ہے کہ اس پر اختیار و اقتدار اُسی کا ہو۔ اور عملاً بھی حکومت و اختیار اُسی کا ہے۔ اور وہی تعریف کے لائق ہے، اور عملاً بھی ہر چیز اسی کی تعریف میں مشغول ہے۔ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ آگے فرمایا:

﴿هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ﴾

''وہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔ پھر کوئی تم میں کوئی کافر ہے اور کوئی مومن۔''

انسانوں کا خالق بھی وہ ہے۔ اور باقی سب مخلوقات کا خالق بھی وہی ہے۔ اللہ ہی نے سب لوگوں کو پیدا کیا۔ پھر اُن میں سے کچھ کافر و منکر ہو جاتے ہیں اور کچھ اپنے رب پر ایمان لے آتے ہیں۔ یہ اعتراف کرتے ہیں کہ ہاں اللہ ہی ہمارا خالق و مالک ہے۔ وہی ہمارا رب ہے۔ دوسرے لفظوں میں پیدا تو سب لوگوں کو اللہ نے کیا ہے، مگر اللہ کو ماننے اور نہ ماننے کے حوالے سے یہاں انسانوں میں فرق ہے۔ ہم تحریک پاکستان کے حوالے سے دو قومی نظریے کی بات کرتے ہیں۔ حقیقت میں پورے عالم انسانی میں دو ہی قومیں ہیں: ایک کافر اور دوسرے مسلمان۔ ایک رب کا انکار کرنے والے اور دوسرے اپنے رب پر ایمان رکھنے والے۔ ساری دنیا میں اصلاً یہی دو قومیں ہیں۔

آیت کے آخر میں فرمایا:

﴿وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ o﴾ (التغابن:2)

''اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔''

انسان کو اس دنیا میں امتحان کے لیے بھیجا گیا ہے اور اسے یہاں کھلی آپشن دے دی گئی ہے کہ چاہے تو اللہ کا شکر گزار بن کر رہے اور چاہے تو کھلم کھلا کفر کرے۔ اگرچہ وہ اللہ کی شکر گزاری اور ناشکری کا اختیار رکھتا ہے، لیکن وہ یہ بھی جان لے کہ اگر وہ اس اختیار کو غلط استعمال کرے گا تو اس کا نتیجہ بہت خوفناک ہوگا۔ یہ دنیا تو عارضی ہے۔ یہ اصل زندگی کا بہت چھوٹا سا حصہ ہے۔ یہاں خواہ انسان غلط روش کے باوجود پھلے پھولے اور دنیا اُسے سر آنکھوں پر بٹھاتی ہو، لیکن اللہ اُسے دیکھ رہا ہے۔ آخرت کی دائمی و ابدی زندگی میں اُسے اپنے کیے کی سزا بھگتنی ہوگی۔ ہر نبی اور رسول تفصیل سے لوگوں کو یہ بتاتا آیا ہے کہ اگر انہوں نے ناشکری اور کفرانِ نعمت کی روش اپنائی، اللہ کے دین کا انکار کیا، تو اُس کا نتیجہ بہت خوفناک ہوگا۔ اسی طرح جس نے اپنے اختیار کو صحیح استعمال کیا اور ابدی حقائق کو مان کر اپنے رب کا واقعی وفادار بندہ بن کر جیا، اس کے لیے آخرت میں وہ نعمتیں اور وہ اجر و ثواب ہے، جس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ انسان کفر و انکاری یا شکر گزاری و وفاداری میں سے جو بھی روش اپنائے وہ اللہ کے سامنے ہے۔ اللہ اُسے دیکھ رہا ہے۔ وہ ہر وقت اللہ کی نگاہوں کے سامنے ہے۔ اُس کی ہر ہر چیز ریکارڈ ہو رہی ہے۔ آگے فرمایا:

﴿خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ﴾

''اسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی بر حکمت پیدا کیا۔''

اللہ کی یہ تخلیق با مقصد ہے۔ اُس نے آسمان اور زمین کھیل کود کے لئے نہیں بنائے۔ انسان کی زندگی کا بھی ایک مقصد ہے۔ اور اسی مقصد کے حوالے سے پھر اس کو اہداف دیئے گئے ہیں۔ ان اہداف کے لئے مخلصانہ جدوجہد کے حوالے سے انسان کا آخرت میں مقام ہوگا۔

﴿وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ج وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ o﴾ (التغابن:3)

''اور اسی نے تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی پاکیزہ بنائیں۔ اور اسی کی طرف (تمہیں) لوٹ کر جانا ہے۔''

اللہ نے تمہاری شکل و صورت، قد و قامت اور خدوخال نہایت خوبصورت بنائے، جس سے اللہ کی دوسری مخلوق محروم ہے۔ تم خود بہت ناز کرتے ہو کہ انسان اشرف المخلوقات ہے، سب سے اوپر ہے۔ دیکھو، اللہ نے تمہیں کیا کیا صلاحیتیں دی ہیں۔ یاد رکھو، جس نے تمہاری صورت گری کی ہے، تمہیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔ یہ نہیں کہ زندگی بس یہی دنیا کی زندگی ہے، اس کے بعد دوبارہ کوئی جی اُٹھنا نہیں ہے۔ یہ خیال ذہن سے نکال دو کہ یہ اندھیر نگری ہے، چوپٹ راج ہے۔ جس کا داؤ چلے، وہ یہاں دنیا میں مزے اڑائے۔ دوسروں کا استحصال کرے، اُسے کوئی پوچھنے والا نہیں۔ کوئی میزان نصب نہیں کی جائے گی۔ کوئی مکافاتِ عمل نہیں ہوگا۔ نہیں، ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ اصل بات یہ ہے کہ بالآخر تمہیں لوٹ کر اللہ ہی کے پاس جانا ہے، خواہ تمہیں یہ پسند ہو یا ناپسند ہو۔ جہاں تمہارا محاسبہ ہوگا۔ ان آیات میں اصل مضمون ایمان باللہ آیا ہے، لیکن اس کے ذیل میں آخرت کے اشارے بھی آئے ہیں۔ آگے فرمایا:

﴿يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ o﴾ (التغابن:4)

''جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپا کر کرتے ہو اور جو کھلم کھلا کرتے ہو اس سے بھی آگاہ ہے اور اللہ دل کے بھیدوں سے واقف ہے۔''

اللہ تعالیٰ کا علم کائنات ارضی و سماوی سب پر محیط ہے۔ وہ اور تو اور تمہارے سینوں کے رازوں تک سے واقف ہے۔ اُس کی صفت علم ایسی ہے کہ کوئی چیز اس سے باہر نہیں ہے۔ پیچھے اللہ کی صفت قدرت کا تذکرہ ہوا تھا۔ یہاں صفت علم کا بیان ہوا ہے۔ اللہ کو آخرت میں انسان سے حساب کتاب لینا ہے۔ وہاں وزن اعمال اور جزا و سزا ہونی ہے۔ ظاہر ہے، اصل احتساب وہی ہستی کر سکتی ہے، جس کا علم کامل ہو۔ ورنہ عدل کامل نہیں ہوگا۔ صفت علم کے حوالے سے یہاں یہ پہلو آ رہا ہے کہ جو بھی عمل تم کرتے ہو وہ اللہ کی نگاہ میں ہے۔ تمہارا کوئی بھی عمل اس سے مخفی نہیں ہے۔ وہ تمہاری نیتوں، تمہارے عزائم، تمہاری اُمنگوں، تمہارے ارادوں اور تمہاری سوچ تک سے واقف ہے۔ یہ ہے اللہ کی صفت علم کا درجہ کمال کہ اُس نے ہر پہلو سے کائنات کا احاطہ کیا ہوا ہے۔ اسی لیے قرآن میں جگہ جگہ آتا ہے کہ اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔ اُس کے علم کی گہرائی کا یہ حال ہے کہ وہ انسان کے دل کے ارادوں، عزائم اور آرزوؤں تک سے واقف ہے۔

آگے ایمان بالرسالت کا ذکر ہے۔

﴿اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ o﴾ (التغابن:5)

''کیا تم کو ان لوگوں کے حال کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے کافر ہوئے تھے۔ تو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ لیا اور (ابھی) دکھ دینے والا عذاب (اور) ہونا ہے۔''

اس سے مراد سابقہ قومیں ہیں جن کی طرف رسول

بھیجے گئے۔ جیسے قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود وغیرہ، جنہیں اُن کے کفر و معصیت کی وجہ سے دنیا میں عذاب سے دوچار کر کے تباہ و برباد کر دیا گیا۔ قرآن مجید کے سب سے پہلے مخاطب بنو اسمٰعیل تھے۔ اور اگرچہ ان کے ہاں اڑھائی ہزار سال سے کوئی نبی اور رسول نہیں آیا تھا، لیکن وہ جانتے تھے کہ یہ قوم عاد کے مسکن ہیں، یہ قوم ثمود کے مسکن ہیں، یہ قوم لوط کے مسکن ہیں، ان کے پاس فلاں رسول آئے تھے اور انہوں نے پیغمبروں اور اُن کی دعوت کا انکار کیا تو ان کے ساتھ یہ ہوا۔ فلاں قوم ہلاک کی گئی۔ وہ یہ سب باتیں جانتے تھے۔ شام کی طرف ان کا جو تجارتی روٹ تھا، اُسی پر قوم عاد اور قوم ثمود کے مساکن آتے تھے۔ وہاں اُن بستیوں کے کھنڈر اب تک موجود تھے۔ لہٰذا فرمایا کیا تمہیں پہنچی نہیں ان لوگوں کی خبریں جنہوں نے پہلے کفر کیا تھا، رسول کا انکار کیا۔ تو انہیں اپنے کیے کا مزہ چکھنا پڑا کہ دنیا میں اُن پر عذاب ہلاکت آیا۔ پوری پوری قومیں نیست و نابود کر دی گئیں، اُن کی جڑ کاٹ دی گئی۔ آج اُن کے صرف کھنڈر باقی رہ گئے ہیں، جن میں کوئی ذی نفس نہیں ہے۔ اللہ نے اُن میں سے کوئی ایک بھی نہیں چھوڑا۔ یہ تو دنیا کا عذاب تھا۔ آخرت میں ان کے لیے اس سے بھی دردناک عذاب ہے، جو ان کا منتظر ہے۔ دراصل جب رسول آ جاتا ہے اور قوم کو دعوت دیتا ہے تو قوم پر اتمام حجت ہو جاتی ہے۔ قوم اگر اب بھی نہ مانے تو پھر وہ کسی رعایت کے مستحق نہیں رہتی۔ اس پر دنیا میں عذاب ہلاکت آتا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ آخرت کے عذاب سے بچ گئی۔ آخرت میں تو اُسے عذاب الیم سے دوچار ہونا پڑے گا۔

﴿ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۡ فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ غَنِىٌّ حَمِيْدٌ﴾ (التغابن:6)

”یہ اس لئے کہ ان کے پاس پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے تو یہ کہتے کہ کیا آدمی ہمارے ہادی بنتے ہیں؟ تو انہوں نے (ان کو) نہ مانا اور منہ پھیر لیا اور اللہ نے بھی بے پروائی کی۔ اور اللہ بے پروا (اور) سزاوار حمد (وثنا) ہے۔“

یہ اُن کے کفر کی علت ہے۔ انہوں نے یہ کفر جو ان کے عذاب کا باعث بنا، اس لیے کیا کہ انہوں نے ایک بشر کو اپنا ہادی ماننے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہمارے جیسا انسان رسول بن کر ہماری ہدایت و رہنمائی کرے۔ اگر اللہ کو کوئی پیغامبر بھیجنا تھا تو ہمیں کوئی فرشتہ اُترتا ہوا نظر آتا۔ پھر ہم مان لیتے۔ انہوں نے رسول کے معجزات دیکھ کر بھی اُسے ماننے سے انکار کر دیا۔ معجزات دیکھ کر بھی قوم ایمان نہیں لائی۔ بات یہ نہ تھی کہ قوم پر حقیقت واضح نہیں ہو رہی تھی، بلکہ مسئلہ یہ تھا کہ انہوں نے بہر صورت انکار کرنا تھا۔ انہیں انکار کے لیے بہانہ چاہیے تھا۔ لہٰذا رسول آئے، دعوت دیتے رہے، اِس راہ میں تکلیفیں برداشت کرتے رہے، مگر قوم ٹس سے مس نہیں ہوئی۔ اِس روش کا نتیجہ یہ ہوا کہ بالآخر اللہ نے بھی ان سے بے رخی اختیار کر لی۔ اور اللہ کو ان کی کوئی پروا نہیں ہے۔ وہ غنی ہے۔ تو اے بنو اسمٰعیل اگر تم ایمان نہ لاؤ گے تو اِس کا نقصان تمہیں ہی ہو گا۔ تمہیں ایمان کی جو دعوت دی جا رہی ہے، اِس کو قبول کرو گے تو ایسا نہیں ہے کہ اس سے اللہ کی حکومت میں کوئی اضافہ ہو جائے گا، اس کی طاقت بڑھ جائے گی۔ اللہ کے اقتدار و اختیار میں اِس سے فرق واقع نہیں ہو گا، بلکہ ایمان لانے کا سارا فائدہ تمہیں ہی ہو گا۔ لہٰذا تم اپنی فکر کرو۔ اور دعوت ایمان کی تردید اور اُس کی مخالفت کا راستہ ترک کر دو۔ اس سورت کے بقیہ حصہ کا مطالعہ ہم آئندہ کریں گے۔ ان شاء اللہ

☆☆☆☆☆

رفقاء متوجہ ہوں ان شاء اللہ العزیز

”قرآن اکیڈمی یاسین آباد کراچی“ میں

2 تا 4 جنوری 2015ء

(بروز جمعہ نماز عصر تا اتوار نماز ظہر)

مدرسین تربیتی کورس

جبکہ اسی مقام پر

9 تا 11 جنوری 2015ء

(بروز جمعہ نماز عصر تا بروز اتوار نماز ظہر)

امراء و نقباء تربیتی و مشاورتی اجتماع

کا انعقاد ہو رہا ہے

زیادہ سے زیادہ مدرسین اور

امراء و نقباء متعلقہ پروگرام میں شامل ہوں

موسم کی مناسبت سے بستر ہمراہ لائیں

برائے رابطہ: 021-34816580-81

0345-2789591

المعلن: مرکزی شعبہ تعلیم و تربیت: 36316638-36366638(042)

دل بیٹھ گیا ہے

عامرہ احسان
amira.pk@gmail.com

بچے تو سانجھے ہوتے ہیں، معصوم ہوتے ہیں، پشاور کے حادثے نے وہ سارے زخم ہرے کر دیئے جو 9/11 سے آج تک یوں لگے تھے کہ پنبہ کجا کجا نہم! بسا اوقات بڑے بڑے سانحات پر میڈیا کی خاموشی، قوم کی نیم رضامندی والی بے نیازی پر دل سلگ اٹھتا تھا۔ لگتا تھا شاید ہم بحیثیت قوم مردہ ضمیر ہو چکے ہیں۔ تاہم اس مرتبہ بھرپور کوریج، غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں شریک پوری قوم، غیر ملکی سفیروں تک کی ریلی، دنیا بھر سے ہمدردی کے پیغامات کی وصولی۔۔۔ لگتا ہے بچوں نے جان دے کر سوئی ہوئی دنیا اور کھوئی ہوئی قوم بیدار اور بازیاب کر دی ہے۔ حتیٰ کہ بھارتی گجرات کے ہزاروں مسلمانوں کا قاتل مودی تک تڑپ اٹھا۔ حیرت انگیز اظہار یکجہتی (دوسری طرف آل مودی 25 دسمبر کو علی گڑھ میں 300 مسلمانوں کو زبردستی ہندو بنانے کے لئے جلسہ کر رہی ہے جس پر بھارتی پارلیمنٹ میں شدید احتجاج ہوا ہے)۔

تاہم پوری دنیا بچوں کے لئے واقعی اتنی حساس ہے؟ قطار اندر قطار اس بے رحم دہشت گردی کے عفریت نے مسلم بچوں پر دنیا بھر میں جو قیامت ڈھائی ہے، وہ ذہن کی سکرین پر اترتی چلی آئی۔ یہ عفریت امریکہ میں پیدا ہوئی۔ تولد تو بش سینئر کے ہاں ہوئی تھی۔ جنگ خلیج میں سب سے پہلے عراقی بچے بھینٹ چڑھے۔ عراق پر پابندیوں سے پہلے عراقی بچے مشرق وسطیٰ میں بہترین صحت، تعلیم اور پر آسائش گھریلو زندگی سے بہرہ مند تھے۔ تاہم 6 اگست 1990ء میں عائد کردہ معاشی ناکہ بندی کے ہاتھوں (2003-1990ء) ماہانہ چار ہزار بچے پیٹ اور سانس کی بیماریوں اور ناکافی غذا کے سبب موت کی بھینٹ چڑھے ہیں۔ امریکہ و برطانیہ نے لگاتار ادویہ، دیگر ضروریات زندگی کی فراہمی کی اجازت کو ویٹو کیا بلکہ امریکہ و برطانیہ نے جو اسلحہ عراق پر بمباریوں سے برسایا اس میں یورینیم دھات کی موجودگی نے کینسر اور پیدائشی معذوریوں اور جسم کے مدافعتی نظام کو ناکارہ کرنے جیسی بیماریوں سے نوازا۔ اس پر مستزاد ادویاتی پابندیوں نے عراقی بچوں پر موت مسلط کر دی۔ تاہم وہ تکلیف دہ اعداد و شمار (جس کی تفصیل اس کالم میں نہیں سما سکتی) اس رپورٹ کے تحریر کرنے والے (جوائن بیکر، مارچ 2013ء) کے مطابق واشنگٹن اور لندن کے جنگی منصوبہ سازوں کے لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ کیونکہ ان حکومتوں پر عراق کی بتدریج تباہی کی ذمہ داری بے پناہ ہے! 2003ء کے بعد کے حملوں میں 40 لاکھ عراقی بے گھر ہوئے، جس میں 20 لاکھ بچے بھی تھے۔ دربدری اور بے گھری کی اس بلا میں 93,500 بچے لاپتہ ہو گئے۔ تعلیمی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ صحت کے احوال مزید دگرگوں ہو چکے ہیں۔ 2004ء میں فلوجہ پر ممنوعہ مواد کی بمباریوں سے بچوں میں کینسر 12 گنا بڑھ چکا ہے۔ غرض بچوں کے غم خواروں نے عراق، شام، فلسطین اور خود پاکستان میں جو کردار ادا کیا ہے اس پر حالیہ ردعمل ایک خوشگوار حیرت کا سامان ضرور ہے۔ (یا امریکہ یورپی یونین کی رگ حمیت ملالہ پر پھڑکی تھی)۔

شام میں جنگ سے متاثرہ مسلمان بچوں کی تعداد 50 لاکھ ہے۔ 10 ہزار مسلمان بچے مارے جا چکے ہیں۔ غزہ کے ہر 6 سالہ بچے نے 3 یا اس سے زیادہ جنگیں دیکھی ہیں۔ موت ان کے ہر طرف رقصاں ہے۔ خود پاکستان میں باجوڑ میں (30 اکتوبر 2006ء) ایک پورا مدرسہ ڈرون حملے میں زمین بوس کر دیا گیا۔ امریکی رحمدلی کا نشانہ اکٹھے 69 بچے بنے۔ کل 80، 100 شہادتیں ہوئیں۔ (اگرچہ امریکہ کے ہاتھوں مرنے والے ہلاک کہلاتے ہیں) پورا یہ سکول مسمار ہوا جس میں سے نکلنے والی زیادہ قطار اندر قطار لاشوں کے گلدستے میں سب سے کم عمر 7 سال کا تھا۔ بڑی تعداد 10 تا 16 سال کی تھی۔ غربت کی بناء پر پسماندہ علاقے میں کسمپرسی کی حالت میں لاشیں چارپائیوں پر یا زمین پر رکھی گئی تھیں۔ ایمبولینسوں کی سہولت، طبی امداد (جس کی نوبت بھی زیادہ نہ آئی) میڈیا، سول سوسائٹی، گلدستے، موم بتیاں، قومی سوگ کچھ بھی نہ تھا۔ ایسے مناظر ڈرون حملوں میں 360 مرتبہ تخلیق ہوئے۔ چیتھڑوں میں بکھرے بدن، عورتیں، بچے، جوان نیز جنازوں پر حملے۔ پشاور کے واقعے نے سارے غم اگلے پچھلے تازہ کر دیئے۔ جامعہ حفصہ کی طالبات اور حافظ طلبہ کا ذکر شجر ممنوعہ ہے۔

اللہ نہ کرے کہ دجالی جنگوں کے اس تسلسل میں الجھ کر ہماری نگاہ بھی کانے دجال کی طرح یک چشمی ہو جائے جو ملالہ پر روئے اور عافیہ صدیقی کے لئے وہ آنکھ پتھر کی ہو۔ جو اس اکیلے کی حدت تو محسوس کرے، لیکن ایسے ہی 69 بچوں کی نوعمر لاشوں پر اندھی بہری ہو جائے۔

یہ وقت جذباتیت کی لو بھڑکا کر امریکہ کے کھودے دہشت گردی کی جنگ کے گڑھے میں اور گہرا اتر جانے کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔ سیاسی اور دینی قیادت کا امتحان ہے۔ فیصلے سیاسی قیادت کو جبر اور جذباتی دباؤ کی فضا میں نہیں، حقیقت پسندانہ تدبر کے ساتھ کرنے ہیں۔ دور اندیشی سے فیصلہ کیجئے جو دنیا میں بھی دیرپا نتائج کے حامل ہوں اور عاقبت بھی برباد نہ ہو۔ سر میں درد کا علاج سر اڑا کر نہیں کیا جاتا۔ پیٹ میں کیڑے پڑ جائیں تو جہاں پیٹ پر سپرے کرنا لاحاصل ہوتا ہے، وہاں پیٹ پر گولی مارنے سے بھی علاج نہیں ہوتا۔ گولی کھانا آسان تر ہے خواہ کتنی ہی کڑوی کیوں نہ ہو۔ سزائے موت برسانے، جلاد بھرتی کرنے، جیلوں کے منہ کھول دینے، اندھا دھند گرفتاریوں، کرے کوئی بھرے کوئی، سے مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ پہلے بھی مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ مسئلے کی حقیقی وجوہات سے آنکھیں بند رکھ کر یہی جنگ ہم نے افغانستان سے لا کر ملک کے طول و عرض میں بو دی ہے۔ امریکہ جس کی جنگ ہم لڑ رہے ہیں (بقول بوب وڈورڈ کے اوباما زوار) وہ تو محفوظ و مامون بیٹھا ہے۔ 60 ہزار جانوں کا نذرانہ ہم نے دیا ہے۔ فرنٹ لائن اتحادی بن کر آپریشن در آپریشن کئے جا رہے ہیں۔ سالہا سال سے معاشی بربادی، بدامنی مول لی ہے، یہ 60 ہزار سارے بچے، سارے جوان، سب کے سب پاکستانی ہی تھے۔ مسلمان بھی! عراق والی بتدریج تباہی ہم دیکھ رہے ہیں۔ ہم نے اپنے ہاں قبرستانوں پر قبرستان آباد کر ڈالے۔ کیا یہی مسائل کا حل ہے؟ (باقی صفحہ 18 پر)

نبی کریم ﷺ بحیثیت قاضی و منصف

حافظ محمد مشتاق ربانی

جب ہم آپؐ کی عظیم ہستی کو بحیثیت قاضی و منصف کے عنوان سے دیکھتے ہیں، تو اس میں دو الفاظ عدل وقسط کا بار بار ذکر ہوتا ہے۔ بظاہر ان دونوں کا معنی انصاف ہے لیکن ان میں باریک فرق ہے۔ عدل کے معنی ہیں کسی وزن یا شے کو اُس کے محل و مقام پر رکھنا، برابری کرنا۔ جبکہ قسط کے معنی کسی کے حقوق و واجبات کا پورا پورا ادا کرنا کے ہیں۔ قسط کے بارے میں ہے:

﴿وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى﴾ (النساء:3)

”اور اگر تمہیں اس بات کا خوف ہو کہ (حقوق و واجبات میں) یتیم لڑکیوں سے انصاف نہ کر سکو گے“

یعنی ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ ان کے ساتھ منصفانہ برتاؤ نہ کر سکو، ان کے تقاضوں کو پورا نہ کر سکو۔ یہاں دیکھیں کہ اس میں کسی دوسرے کے ساتھ تقابل نہیں کیا جا رہا بلکہ ان کے حقوق کو پورا کرنے کا مسئلہ ہے لیکن عدل کے بارے میں فرمایا:

﴿وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَاۗءِ﴾ (النساء:129)

”اور تم خواہ کتنا ہی چاہو عورتوں میں ہرگز برابری نہیں کر سکو گے۔“

یہاں مختلف عورتوں میں برابر کے سلوک کا سوال ہے، اس لیے یہاں عدل استعمال ہوا ہے۔ نظام عدل وقسط اس قدر اہم ہے کہ یہ زندگی کے تمام شعبوں پر محیط ہے۔ یہ صرف نظام قضاء تک محدود نہیں بلکہ معاشرتی، عائلی، معاشی اور سیاسی سبھی میدانوں پر محیط ہے، لیکن اس مضمون میں ہم اختصار کے ساتھ آپؐ کی ذات گرامی بحیثیت قاضی و منصف دیکھیں گے۔ لیکن اس سے پہلے مختصراً سمجھیے کہ عدل وقسط کے نظام کی تلاش کی انسانی تاریخ بہت قدیم ہے۔ انسان نے اس کے حصول میں بہت ٹھوکریں کھائی ہیں۔ اس میدان میں کبھی وہ افراط کا شکار ہوا، اور کبھی تفریط کی راہ پر گامزن ہوا۔ ویسے بھی انسان خود اس مسئلہ کو حل نہیں کر سکتا تھا جب تک اللہ تعالیٰ اس کی بابت راہنمائی نہ کرتا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ﴾ (النحل:9)

”بے شک اللہ تعالیٰ عدل (وانصاف) کا حکم دیتا ہے۔“

چنانچہ وحی الٰہی سے انسان اس مسئلے کی دلدل سے نکلا جیسا کہ قرآن حکیم سے معلوم ہوا کہ تمام انبیاء کرامؑ اپنے اپنے عہد میں عدل وقسط پر انسانیت کو چلاتے رہے جو کہ ان کا حقیقی مقصد بعثت تھا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ﴾ (الحدید:25)

”ہم نے اپنے پیغمبروں کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور ان پر کتابیں نازل کیں اور ترازو (یعنی قواعد عدل) تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں۔“

نبی کریم ﷺ بھی اسی لیے مبعوث ہوئے کہ نظام عدل وقسط قائم کریں۔ آنحضور ﷺ سے کہا گیا کہ آپ انہیں بتائیں کہ

﴿وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ﴾ (الشوریٰ:15)

”اور مجھے حکم ہوا کہ تم میں انصاف کروں۔“

اسی طرح ایک دوسرے مقام پر وارد ہوا:

﴿قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ﴾ (الاعراف:29)

”کہہ دو کہ میرے پروردگار نے مجھے انصاف کرنے کا حکم دیا ہے۔“

آپؐ کی بعثت سے قبل زمانہ جاہلیت میں بدوی قبائل میں کوئی حکومت نہ تھی اور نہ کوئی عدالت تھی کہ جس کے پاس جا کر ہر تنازعہ کے حل کا سوال کیا جا سکتا۔ اس کے باوجود اہل مکہ نے انتہائی محدود سطح پر عدل کی فراہمی کے لیے چند ایک کوششیں کیں جیسے عکاظ کے میلے میں حکم کا مقرر کرنا، یا ظلم وستم کی صورت میں حلف الفضول نامی تنظیم قائم کرنا لیکن اس عدل کی جامع شکل تب ابھری جب آپؐ کی معزز شخصیت سامنے آئی۔ آپ جانتے ہیں کہ آنحضور ﷺ آغاز وحی سے قبل بھی عربوں کے ہاں فیصلہ کرتے تھے۔ چنانچہ جب حجر اسود کو اس کی جگہ نصب کرنے کے بارے میں سخت اختلاف پیدا ہوا تو آپؐ کے عادلانہ و منصفانہ فیصلہ سے ہی وہ بہت بڑی خونریزی سے محفوظ رہے۔ لیکن جب آپؐ پر نبوت کا ظہور ہوا تو آپؐ نے اس کے بعد نظام قضاء میں عدل وقسط کا ایک جامع نظام دیا۔ یہاں تک کہ اہل مدینہ کو آپؐ نے ایک تحریری دستور دیا اور وہاں آپؐ کی حیثیت ایک مستقل قاضی کے طور پر سامنے آئی۔ چنانچہ آپؐ کی پروقار شخصیت ایک ایسا ادارہ ثابت ہوئی جس کو کوئی چیلنج نہیں کر سکتا تھا۔ گویا آپؐ سپریم کورٹ کی حیثیت رکھتے تھے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ”جو رسول اللہ ﷺ تمہیں دیں وہ لے لو اور جس سے منع کریں وہ چھوڑ دو“۔ (الحشر:7) یاد رہے کہ آپؐ کی یہ حیثیت صرف اس دور تک محدود نہ تھی بلکہ جس طرح آپؐ کی رسالت ابدی ہے، اسی طرح آج بھی آپؐ کا فرمان اور حکم نہ صرف عدل وقسط میں بلکہ ہر شعبۂ زندگی میں اتھارٹی ہے جس کو کسی صورت چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔

قضا کے نقطۂ نظر سے عدل وقسط کا مفہوم یہ ہے کہ لوگوں کے مقدمات نمٹاتے ہوئے، جج یا قاضی ان کے حقوق عامہ کا اس طرح تحفظ کرے کہ کسی ایک فریق کی بھی حق تلفی نہ ہونے پائے۔ حاکم ومحکوم، امیر وغریب، شریف ووضیع، کمزور وطاقتور، کالے وگورے، اور مسلم وغیر مسلم قانون کی نظر میں برابر ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ”اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو، اور اللہ تعالیٰ کے لیے سچی گواہی دو خواہ اس میں تمہارا یا تمہارے ماں باپ اور رشتہ داروں کا نقصان ہی ہو۔ اگر کوئی امیر ہے یا غریب تو اللہ تعالیٰ ان کا خیر خواہ ہے تو تم خواہش نفس پر چل کر عدل نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم ٹیڑھی شہادت دو یا شہادت سے بچنا چاہو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے۔“ (النساء:135)

آپؐ نے ہمیں عملی طور پر سمجھایا کہ فیصلہ کرتے ہوئے امیر وغریب کا خیال نہ رکھا جائے۔ یہاں تک کہ اپنی بیٹی کا فیصلہ کرتے ہوئے بھی عدل وانصاف کا دامن نہ چھوڑا جائے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ قریش کی شاخ بنو مخزوم کی ایک معزز خاتون فاطمہ نے چوری کی، جس کا مقدمہ عدالت نبوی ﷺ میں پیش ہوا۔ لوگ چاہتے تھے کہ اس

عورت کا ہاتھ نہ کاٹا جائے، تاکہ اس کی عزت پر کوئی حرف نہ آئے۔ اس لیے لوگوں نے آپؐ کے محبوب خاص حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنھما کے ذریعے آپؐ کی عدالت میں سفارش کرائی۔ اس پر آپؐ ناراض ہوئے اور فرمایا: ''اگر میری بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو میں اس پر بھی حد جاری کرتا۔''

اس واقعہ میں آپ نے دیکھا کہ اسلامی قانون میں کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں۔ بڑے سے بڑا شخص حتیٰ کہ سربراہ مملکت بھی قانون کا اسی طرح پابند ہے جس طرح ایک عام آدمی۔ یہاں تک کہ حاکم وقت کا قریبی عزیز ہو یا وہ حکمران خود مجرم ٹھہرتا ہو تو اسے بھی قانون کے مطابق سزا ملے گی۔

سنن ابی داؤد (کتاب الخراج) کی روایت ہے کہ فتح مکہ کے بعد صرف طائف کا قبیلہ ایسا تھا جس نے اطاعت قبول نہیں کی تھی۔ آنحضرت ﷺ نے اس کا محاصرہ کیا مگر چند روز بعد بعض وجوہ کی بنا پر محاصرہ اٹھالیا۔ صخر کے ایک رئیس کو جب معلوم ہوا تو اس نے خود طائف کی حصاربندی کی اور انہیں مصالحت پر آمادہ کیا۔ اس واقعہ کے بعد مغیرہ بن شعبہ ثقفی نے آنحضور ﷺ کی خدمت میں عرض کی کہ صخر نے ان کی پھوپھی کو اپنے قبضے میں لے رکھا ہے، آپؐ نے صخر کو بلا کر حکم دیا کہ مغیرہ کی پھوپھی کو ان کے گھر پہنچادو۔ اس کے بعد بنوسلیم نے آکر شکایت کی کہ اسلام لانے سے قبل صخر نے ان کے چشمہ پر قبضہ کرلیا تھا۔ اب چونکہ وہ اسلام لاچکے ہیں لہٰذا ان کا چشمہ انہیں دلایا جائے۔ آپؐ نے صخر کو بلا کر فرمایا کہ جب کوئی قوم اسلام قبول کر لیتی ہے، وہ اپنے جان و مال کی مالک ہوجاتی ہے اور آپؐ نے وہ چشمہ واپس دلا دیا۔ یاد رہے دونوں معاملات میں فیصلہ صخر کے خلاف ہوا حالانکہ فتح طائف کا سہرا انہی کے سر تھا۔ آنحضور ﷺ نے ان کی خدمات کی پرواہ کیے بغیر عدل وانصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔

آپؐ کے پیش کردہ نظام عدل وقسط کی اس قدر مثالیں ہیں کہ ان تمام مثالوں کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا، لیکن سیرت رسول ﷺ کے اس باب کو پڑھ کر ہر کوئی اندازہ لگا سکتا ہے کہ آپؐ کے نزدیک اس کی بڑی اہمیت تھی اور آپؐ نے اپنے خلفاء کرامؓ کو بھی اس کی بھرپور تعلیم وتربیت دی۔ چنانچہ وہ بھی عدل وقسط کے میدان میں عمدہ مثالیں قائم کرتے رہے۔ ابن عبد ربہ الاندلسی کی کتاب ''العقد الفرید'' میں جبلہ بن ایہم (شاہ غسان) کا مشہور واقعہ ہے کہ وہ طواف کررہا تھا کہ اس کے تہبند کا پلو ایک بدو کے پاؤں تلے آگیا۔ اس نے اس پر اس بدو کے منہ پر مکا دے مارا تو بدو نے اپنا یہ مقدمہ حضرت عمر فاروقؓ کی عدالت میں پیش کیا تو آپؓ نے اس کی قطعاً رعایت نہیں کی کہ تو مسلم ہے یا غسانی بادشاہ ہے اور آپؓ نے فیصلہ فرمایا:

((اما ان ترضیه واما ضربك كما ضربه))

''یا تم اس کو راضی کرو یا وہ تمہاری اس طرح پٹائی کرے گا جس طرح تم نے اسے مارا ہے۔''

یہ فیصلہ شاہ غسان پر ناگوار گزرا اور اس نے سوال کیا کہ بادشاہ اور گنواروں میں آپ کے نزدیک کوئی فرق نہیں۔ جس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''لا! قد جمع بینکما الاسلام'' بالکل نہیں! تم دونوں کو اسلام نے ایک ہی سطح پر اکٹھا کیا ہے۔ اس نے کہا: اے امیر المومنین! میں تو سمجھا تھا کہ اسلام لانے کے بعد مجھے جاہلیت کے مقابلہ میں زیادہ عزت دی جائے گی لیکن یہاں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''اسلام میں عزت کا معیار تقویٰ ہے اور قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔ تم یا تو اس بدو کو راضی کرو، ورنہ سزا کے لیے تیار ہو جاؤ۔'' اس نے کہا مجھے ایک رات کی مہلت دی جائے۔ اسے مہلت دے دی گئی۔ مدینہ طیبہ میں اس واقعہ کا کافی چرچا ہوا۔ حضرت عمرؓ کے گھر کے سامنے بہت سے لوگ اکٹھے ہو گئے، بعض لوگ کہنے لگے، آپؓ اس معاملے میں زیادہ سخت نہ ہوں۔ ذرا نرمی اختیار کریں۔ آپؓ نے انہیں جواب دیا کہ اگر کسی شخص کی وجاہت کے اثر سے قانون کا پلڑا اس کے حق میں جھک جائے تو پھر اللہ تعالیٰ کی بادشاہت اور قیصر وکسریٰ کی ملوکیت میں فرق نہ ہوا۔ چنانچہ آپؓ ذرا نہ جھکے۔ اس دلچسپ واقعہ میں آپ نے دیکھا کہ آنحضور ﷺ کے تربیت یافتہ صحابہ کرامؓ بھی ﴿قَوَّامِينَ بِالْقِسْطِ﴾ یا ﴿قَائِمِينَ بِالْقِسْطِ﴾ ''انصاف پر قائم رہنے والے تھے۔'' وہ لوگوں کی ظاہری جاہ وجلال سے متاثر ہوکر انصاف کرنے سے باز نہیں رہتے تھے بلکہ ہر حالت میں عدل وانصاف کرتے۔

